9 مارچ بروز منگل 2021

عورتوں کا عالمی دن، راولپنڈی پریس کلب میں عورت قیادت اسمبلی کا انعقاد

پاکستان کی ترقی کے لئے پاکستانی خواتین کا خودمختار ہونا نہایت ضروری ہے، کرسٹوفر کھنگ کا خطاب

راولپنڈی (پ ر) عورت فاؤنڈیشن نے جذبہ پروگرام کے تحت راولپنڈی پریس کلب میں عورتوں کے عالمی دن میں عورت قیادت اسمبلی کا انعقاد کیا۔عورت فاؤنڈیشن ایک غیر سرکاری ادارہ ہے جو گزشتہ چونتیس سال سے پاکستان میں عورت کے بنیادی حقوق عزت اور وقار کی خاطر کام کر رہی ہے۔ عورت فاؤنڈیشن اور ساؤتھ ایشیاء پارٹنر شپ پاکستان کے مشترکہ اشتراک سے پاکستان کی عورتوں میں لیڈر شپ اور سیاسی عمل میں شمولیت کے کے ایک پروگرام نام جذبہ پر کام کر رہی ہے عورت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام تمام عورتوں میں لیڈرشپ اور سیاسی عمل میں شمولیت یقینی بنانے کے لئے لیے عورتوں کی اسمبلی کا انعقاد کیا گیا 8 مارچ کا بنیادی طور پر عورتوں کی سماجی معاشی ثقافتی اور سیاسی کامیابیوں کو منانے کا دن ہے یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے ہمیں دنیا میں صنفی مساوات کے تیزی سے کام کرنا ہوگا۔ کرسٹوفر کھنگ، ہیڈ آف کاپریشن ہائی کمیشن کینیڈا کا کہنا تھا خواتین کی جدوجہد میں مردوں کی موجودگی بھی نہایت اہم ہے پاکستان کی ترقی کے لئے پاکستانی خواتین کا خودمختار ہونا نہایت ضروری ہے۔ عورتوں کی سیاسی ترقی کے لیے کینیڈین گورنمنٹ بھرپور طریقے سے تعاون کر رہی ہے۔ اس تقریب میں کمیونٹی کی طرف سے چارٹر آف ڈیمانڈ بھی پیش کیا گیا جس کا مقصد تھا کہ خواتین کی سیاسی عمل میں شمولیت کو یقینی بنایا جائے خواتین خواجہ سرا اور معذور افراد کی سیاسی عمل میں شرکت کو یقینی بنایا جائے اس تقریب میں میں پی ایم ایل این کی طرف سے طاہرہ اورنگزیب زیب۔ پی ٹی آئی کی طرف سے عابدہ منیر اور پی پی پی کی طرف سے سٹی پریذیڈنٹ سمیرا خان نے شرکت کی۔ سب نے اس بات پر زور دیا کہ یہ یہ پارلیمنٹ میں عورتوں کی سیاسی شمولیت کو یقینی بنانے کے لیے پرزور کوشش کریں گی۔ آٹھ مارچ کی لوگوں کو مبارکباد پیش کی اور خواتین کے جذبے کو سراہا کہ اتنی بڑی تعداد میں خواتین اس پروگرام میں حصہ لے رہی ہیں یقیناً یہ تمام خواتین مل کر کر انقلاب برپا کریں گی اور آنے والے سیاسی عمل میں بھرپور طریقے سے حصہ لیں گی۔ عورت فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر پروگرام ممتاز مغل نے آج تک کی خواتین کی جدوجہد کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ آج تک اپنے حقوق کو پانے کے لیے پاکستانی خواتین نے انتھک کوششیں کی ہیں وہ تمام عورتوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہیں جو اس جدوجہد کا حصہ بنی۔